سوال

کیا لڑکی اپنے والد کے ماموں سے شادی کر سکتی ہے ؟

جواب

الحمد للہ

لڑکی کا اپنے والد کے ماموں سے شادی کرنا جائز نہیں ، اس لیے کہ والد کا ماموں اس کی بھی ماموں ہے اور وہ اس کے محرموں میں سے ہے ۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے :

تم پر تمہاری مائیں ، اور تمہاری بیٹیاں ، اور تمہاری بہنیں ، اور تمہاری پھوپھیاں ، اور تمہاری خالائیں ، اور تمہاری بھتیجیاں اور تمہاری بھانجیاں حرام ہیں النساء (23) ۔

علماء کرام رحمہم اللہ تعالی نے نے بالنص کہا ہے کہ والد کا چچا اس کے بیٹے کا بھی چچا ہے ، اور والد کا ماموں اس کے بیٹے کا بھی ماموں ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔

دیکھیں کتاب : المقنع ولانصاف والشرح الکبیر تحقیق ڈاکٹر الترکی (277/20) ۔

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

32455